میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ یکم اکتوبر، ۲۰۱۹ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ مہاجرین کی اسمگلنگ کا تدارک ایکٹ، ۲۰۱۸ء (۲۸ بابت ۲۰۱۸ء) [مہاجرین کی اسمگلنگ کا تدارک (ترمیمی) بل، ۲۰۱۹ء] (نجی رکن کا بل) میں مزید ترمیم کرنے پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی درج ذیل اراکین پر مشتمل ہے:-

۱۔	راجہ خرم شہزاد نواز	چیئرمین
۲۔	جناب شیر اکبر خان	رکن
۳۔	مہر غلام محمد لالی	رکن
۴۔	جناب رضا نصر اللہ	رکن
۵۔	خواجہ شیراز محمود	رکن
۶۔	جناب راحت امان اللہ بھٹی	رکن
۷۔	ملک کرامت علی کھوکھر	رکن
۸۔	سردار طالب حسن نکئی	رکن
۹۔	محترمہ نفیسہ عنایت اللہ خان خٹک	رکن
۱۰۔	جناب محمد اختر مینگل	رکن
۱۱۔	نوابزادہ شاہ زین بگٹی	رکن
۱۲۔	ملک سہیل خان	رکن
۱۳۔	رانا شمیم احمد خان	رکن
۱۴۔	جناب محمد پرویز ملک	رکن
۱۵۔	جناب ندیم عباس	رکن
۱۶۔	محترمہ مریم اورنگزیب	رکن
۱۷۔	سید آغا رفیع اللہ	رکن
۱۸۔	نواب محمد یوسف تالپور	رکن
۱۹۔	جناب عبدالقادر پٹیل	رکن
۲۰۔	جناب عصمت اللہ	رکن
۲۱۔	جناب اعجاز احمد شاہ	رکن بلحاظ عہدہ
	وزیر برائے داخلہ	

۳۔ کمیٹی نے ۱۳ر نومبر، ۲۰۱۹ء اور ۱۱ر دسمبر، ۲۰۱۹ء کو منعقدہ اپنے اجلاسوں میں مسئلہ۔ الف کے طور پر قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا۔ کمیٹی نے اس میں حسب ذیل ترامیم کیں:-

۱)

شق ۲

شق ۲ کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی؛

"۲۔ دفعہ ۲، ایکٹ ۲۸ بابت ۲۰۱۸ء کی ترمیم۔ مہاجرین کی اسمگلنگ ایکٹ، ۲۰۱۸ء (۲۸ بابت ۲۰۱۸ء) بعد ازاں جس کا حوالہ مذکورہ ایکٹ کے طور پر دیا جائے گا، میں، دفعہ ۲ میں،۔

i) شق (الف) میں لفظ "قسم" کے بعد الفاظ "اندرون یا بیرون ملک" شامل کر دیئے جائیں گے۔

ii) شق (ی) میں آخر پر آنے والے وقف کامل کو نیم وقفہ سے تبدیل کر دیا جائے گا اور اس کے بعد حسب ذیل نئی شق شامل کر دی جائے گی، یعنی:-

"(ک) "ٹریول ایجنٹ" سے مراد پیشہ سے وابستہ ایک فرد ہے جو بیرون ملک بھیجے جانے والے افراد یا بیرون ملک بھیجے گئے افراد کے پیدا ہونے والے معاملات سے متعلق معاملات کا اہتمام کرتا ہے یا انعقاد کرتا ہے ماسوائے امیگریشن آرڈیننس، ۱۹۷۹ء (۱۸ مجریہ ۱۹۷۹ء) کے تحت سرانجام دیئے جانے والے بھرتی کے امور اور اس میں حسب ذیل سب یا کوئی شامل ہو گا، یعنی:۔

i) پاسپورٹ یا ویزا دینے سے متعلق درخواستوں پر عملدرآمد کرنا یا

ii) حسب ذیل کے لئے کمپنی، فرم یا مذکورہ قسم کے اداروں کے لئے بطور ایجنٹ کام کرنا۔

الف) ایئر ٹریول ٹکٹس فروخت کرنا؛ اور

ب) بیرون ملک بری یا بحری سفر کے لئے نقل و حمل کے ذرائع فراہم کرنا۔

iii) بیرون ملک جانے والے افراد کو کنسلٹنسی ویزا سروس یا رہنمائی فراہم کرنا۔

الف) تعلیم کا حصول؛

ب) بطور سیاح یا مسافر دورہ کرنا؛

ج) طبی علاج کا حصول؛

د) کلچرل انٹرٹینمنٹ یا میوزیکل شو کا انعقاد کرنا؛

ہ) مذہب کی تبلیغ کرنا؛ یا

و) کھیلوں کے ٹورنامنٹس یا ایونٹس میں شرکت کرنا؛ یا

iv) براہ راست یا بالواسطہ بیرون ملک سفر کے کسی شعبہ سے متعلق اشاعت، ترسیل، مواصلات یا انٹرنیٹ کے ذریعے اشتہارات دینا؛ یا

v) امیگریشن کو فروغ دینے یا مذکورہ مقاصد کے لئے معاونت فراہم کرنے کی بابت سیمینارز یا لیکچرز کا انعقاد کرنا؛ یا

vi) امیگریشن کی غرض کے لئے ازدواجی اتحاد اور بچہ گود لینے کا انتظام کرنا؛ یا

vii) کسی بھی مقصد جو بھی ہو کے لئے کسی شخص کے پاکستان سے بیرون ملک سفر کا اہتمام کرنا؛ یا

viii) آپریٹر کے طور پر حج و عمرہ پیکج کا انتظام کرنا؛ یا

ix) شقات (الف) تا (ح) میں متذکرہ مقاصد میں سے کسی کے لئے آزاد پیشہ ایجنٹ کے طور پر کام کرنا؛

ل) "مجاز اتھارٹی" سے مراد ایک ایسا افسر جسے ایکٹ ہذا کے مقصد کے لئے وفاقی حکومت کی جانب سے مجاز اتھارٹی ہونے کی بابت تقرر کیا گیا ہو؛

م) "سب ایجنٹ" سے مراد شخص یا کوئی شخص مراد ہے جو ٹریول ایجنٹ کے پیشہ سے منسلک ہو اور نہ کہ "لائسنس یافتہ" کے طور پر ہو لیکن یہ وہ ٹریول ایجنٹ کے طور پر کام کرنے کی اجازت دی گئی ہو؛ اور

ن) "شکایت" سے مراد متاثرہ شخص یا افراد کے گروپ کی جانب سے کی گئی شکایت ہیں جنہیں شق (ک) کے تحت تعریف کردہ ٹریول ایجنٹ کی جانب سے دھوکا دیا گیا ہو۔ پرنسپل ایجنٹ یا لائسنس یافتہ کے خلاف سب ایجنٹ کی شکایت تعریف شکایت کے زمرے میں نہیں آتی۔"۔

(۲)

شق ۳

شق ۳ میں، مجوزہ دفعہ ۲ ج میں؛

i) پیرا (ج) کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

"(ج) انسانی اسمگلنگ، مہاجرین کی اسمگلنگ یا ایسے جرائم سے منسلک جرائم سے متعلقہ جرائم میں کسی عدالت کی جانب سے سزا یافتہ ہو؛ یا"۔

ii) پیرا (ز) میں، آخر میں آنے والے "وقف توضیحی" کو "یا" سے تبدیل کر دیا جائے گا، اور اس کے بعد حسب ذیل نئے پیرا (ح) اور (ط) شامل کر دیئے جائیں گے، یعنی:۔

"(ح) حج، عمرہ اور زیارت پر جانے کا ارادہ رکھنے والے فرد کے ساتھ دھوکہ دہی کے حوالے سے وفاقی تحقیقاتی ادارے کی جانب سے مقدمہ درج کرنے کی صورت میں مقدمہ کے مکمل ہونے تک لائسنس کو معطل کر دیا جائے گا؛ یا

"(ط) اگر کوئی لائسنس یافتہ ایجنٹ انسانی اسمگلروں کی سہولت کاری میں ملوث پایا گیا تو اس کے لائسنس کو معطل کر دیا جائے گا؛"

iii) شق ۳ کے بعد، حسب ذیل نئی شقات ۴ اور ۵ کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"۴۔ دفعہ ۴، ایکٹ ۲۸ بابت ۲۰۱۸ء میں ترمیم۔ مذکورہ ایکٹ میں، شق ۴ میں،۔

الف) ذیلی شق (ا) میں، شق (ب) میں، آخر میں آنے والے "سکتہ اور ڈیش" کو لفظ "یا" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

ب) شق (ب) کے بعد ترمیم شدہ مذکورہ بالا کی طرح، حسب ذیل نئی شق (ج) کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(ج) کوریئر سروس کے ذریعے اندرونی اور بیرونی ملک پاسپورٹ کی ترسیل کو غیر قانونی قرار دیا جائے جب تک کہ اصل پاسپورٹ کے حامل فرد کی جانب سے قانونی مقصد کے لئے بذات خود اسے ارسال نہ کیا جائے۔"

۵۔ دفعہ ۸ الف، ایکٹ ۲۸ بابت ۲۰۱۸ء کی شمولیت۔ مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۸ کے بعد حسب ذیل نئی دفعہ کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"۸ر الف۔ ایکٹ ہذا کے تحت ۱۸ سال کی عمر کے اسمگل کئے گئے تارکین وطن یا کسی فرد کی جانب سے دفعہ ۲(د) میں صراحت کردہ غیر قانونی طریقے سے داخل ہونے کے جرم میں پائے جانے اور ایجنٹ اور ذیلی ایجنٹ کی شناخت، رابطہ نمبر، رہائش یا اس تک رسائی حاصل کرنے کے ذرائع کو چھپاتے ہوئے اس کو تحفظ دینے کی کوشش کرنے پر اس پر فوجداری مقدمہ ہو گا۔"

۴۔ کمیٹی سفارش کرتی ہے کہ منسلکہ۔ب پر موجود قائمہ کمیٹی کا رپورٹ کردہ بل قومی اسمبلی میں منظور کیا جائے۔

دستخط ر۔
(راجہ خرم شہزاد نواز)
چیئرمین
قائمہ کمیٹی برائے داخلہ

دستخط ر۔
(طاہر حسین)
سیکرٹری
اسلام آباد، ۲۹ر دسمبر، ۲۰۲۰ء

(سلسلہ الف)

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

مہاجرین کی اسمگلنگ کے تدارک کے ایکٹ، ۲۰۱۸ء میں مزید ترمیم کرنے کا

بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لئے مہاجرین کی اسمگلنگ کے تدارک کے ایکٹ، ۲۰۱۸ء (ایکٹ نمبر ۲۸ بابت ۲۰۱۸ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) ایکٹ ہذا مہاجرین کی اسمگلنگ کے تدارک کے (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۱۹ء کے نام سے موسوم ہو گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۲۸ بابت ۲۰۱۸ء، دفعہ ۲ کی ترمیم۔** مہاجرین کی اسمگلنگ کے تدارک کے (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۱۸ء میں، جس کا بعد ازیں مذکورہ ایکٹ کے طور پر حوالہ دیا گیا ہے، دفعہ ۲ میں، پیرا (ی) کے بعد حسب ذیل نئی شقات کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(ک) "ٹریول ایجنٹ" سے مراد وہ شخص ہے جو ایسا کام کر رہا ہو جس میں افراد کو بیرون ملک بھیجنے سے متعلق بندوبست، انتظام کرنا یا امور سرانجام دینا شامل ہو یا بیرون ملک بھیجے گئے افراد کے معاملات سے پیدا ہونے والے امور ماسوائے امیگریشن آرڈیننس، ۱۹۷۹ء (نمبر ۲۸ بابت ۱۹۷۹ء) کے تحت عمل میں لایا جانے والا بھرتی کا عمل اور اس میں تمام یا حسب ذیل میں سے کوئی ایک شامل ہو گا، یعنی:

(الف) پاسپورٹ یا ویزہ کے اجراء کی درخواستوں پر کارروائی کرنا؛ یا

(ب) کمپنی، فرم یا اس طرح کے اداروں کے ایجنٹ کے طور پر کام کرنا جو؛

(اول) فضائی ٹکٹیں فروخت کرتی ہوں؛ اور

(دوم) زمینی یا سمندری راستے سے بیرون ملک سفر کرنے کے لئے نقل و حمل کے ذرائع فراہم کرتی ہوں؛ یا

(ج) ان افراد کو ویزا خدمات کے ضمن میں مشاورت یا رہنمائی کرتی ہوں جو حسب ذیل کے ضمن میں بیرون ملک جانے کا ارادہ رکھتے ہوں؛

(اول) تعلیم حاصل کرنا؛

(دوم) مسافر یا سیاح کے طور پر تفریحی سفر کرنا؛

(سوم) طبی علاج کروانا؛

(چہارم) ثقافتی سرگرمیوں یا میوزک کے پروگراموں کا انعقاد کرنا؛

(پنجم) مذہب کی تبلیغ کرنا یا اس کو پھیلانا؛ یا

(ششم) کھیل کے مقابلوں یا سرگرمیوں میں حصہ لینا؛

(د) بیرون ملک سفر کے کسی شعبے سے بلاواسطہ یا بالواسطہ معاملے کی اشاعت، ترسیل، مواصلات یا انٹرنیٹ کے ذریعے تشہیر کرنا۔

(ہ) ایسے مقاصد کے لئے مدد فراہم کرنے یا امیگریشن کی ترقی کے لئے لیکچرز دینا یا سیمینارز کا انعقاد کرنا؛

(و) امیگریشن کے مقصد کے لئے بچہ گود لینے اور شادی کروانے کا اہتمام کرنا؛ یا

(ز) کسی بھی مقصد کے لئے پاکستان سے بیرون ملک سفر کرنے والے کسی بھی شخص کے سفر کا اہتمام کرنا؛ یا

(ح) شقات (الف) تا (ز) میں متذکرہ مقاصد میں سے کسی کے لئے آزاد پیشہ ایجنٹ کے طور پر کام کرنا۔

(ل) "مجاز اتھارٹی" سے مراد ایک ایسا افسر جسے ایکٹ ہذا کے مقصد کے لئے وفاقی حکومت کی جانب سے مجاز اتھارٹی ہونے کی بابت تعینات کیا گیا ہو۔"

۳۔ **ایکٹ نمبر ۲۸ بابت ۲۰۱۸ء، نئی دفعات کی شمولیت۔** ایکٹ ہذا میں دفعہ ۲ کے بعد حسب ذیل نئی دفعات شامل کر دی جائیں گی، یعنی:۔

"(۲/الف) **ٹریول ایجنٹ کے پیشے کا انضباط:** (۱) کوئی شخص اس وقت تک ٹریول ایجنٹ کا پیشہ نہیں اختیار کر سکتا جب تک کہ وہ ایکٹ ہذا کی دفعہ ۲/الف کی ذیلی دفعہ (۲) کی تصریحات کے تحت اور ان کے مطابق لائسنس حاصل نہیں کر لیتا۔"

(۲) کوئی شخص جو ٹریول ایجنٹ کا پیشہ اختیار کرنا چاہتا ہو یا پہلے سے اس پیشے سے منسلک ہو وہ ایکٹ ہذا کے آغاز سے اس کے مطابق اور تعین کردہ فیس اور دستاویزات کے ساتھ مجاز اتھارٹی کو ایک درخواست پیش کرے گا۔

(۳) اگر مجاز اتھارٹی اس بات سے مطمئن ہو جائے کہ ذیلی دفعہ (۲) کے تحت درخواست درست ہے تو وہ ایسی صورت میں تعین کردہ شرائط وضوابط کے مطابق لائسنس جاری کر دے گی:

مگر شرط یہ ہے کہ اگر مجاز اتھارٹی اس بات پر مطمئن ہو کہ درخواست میں دیئے گئے کوائف درست نہیں ہیں یا نامکمل ہیں یا لائسنس کے اجراء کے لئے ضروری ثبوت یا معلومات فراہم نہیں کی گئیں تو وہ ضروری انکوائری کے بعد اور درخواست گزار کو سماعت کا موقع دینے کے بعد، تحریری طور پر قلم بند کی جانے والی وجوہات کی بناء پر درخواست کو مسترد کر سکتی ہے:

مگر مزید شرط یہ ہے کہ وہ شخص جس کی لائسنس کی منظوری کی درخواست مسترد کر دی گئی ہو، وہ مجاز اتھارٹی کی جانب سے نشاندہی کردہ خامیاں دور کرنے کے بعد مجاز اتھارٹی کو لائسنس کے اجراء کے لئے ایک اور درخواست دے سکتا ہے۔

(۴) ذیلی دفعہ (۳) کے تحت کسی بھی شخص کو لائسنس جاری نہیں کیا جائے گا جب تک کہ اس کی درخواست میں دیے گئے کوائف اور دستاویزات کی تصدیق پولیس نہ کر دے۔

(۵) لائسنس پانچ سال کے عرصہ کے لئے کارآمد ہو گا جو مجوزہ طریقہ کار کے مطابق مذکورہ عرصہ کے لئے قابل تجدید ہو گا۔

۲/ب۔ **شاخوں یا دفاتر کی تصدیق:** اگر کوئی شخص، جس نے کسی ضلع میں کسی ایک جگہ پر ٹریول ایجنٹ کے پیشے کے لئے ایکٹ ہذا کے تحت لائسنس لیا ہو، بعد ازیں کسی دوسرے ضلع میں کسی جگہ پر ایک اور شاخ یا دفتر کھولتا ہے، تو اسے اس دوسری

شاخ یا دفتر کے لئے نیا لائسنس لینے کی ضرورت نہیں ہوگی۔ تاہم وہ فی الفور تحریری طور پر مجاز اتھارٹی اور متعلقہ ضلع، جہاں نئی شاخ یا دفتر کھولا گیا ہو، کے ضلعی مجسٹریٹ کو تحریری طور پر مطلع کرے گا اور اس اطلاع فراہمی کی رسید حاصل کرے گا۔

۲ر ج۔ **لائسنس کی تنسیخ یا معطلی:** (۱) مجاز اتھارٹی کسی بھی شخص کی جانب سے یا اس کے برعکس ایسی معلومات سے متعلق دی گئی درخواست پر کہ لائسنس یافتہ شخص،۔

(الف) دیوالیہ یا قرض دار ہو چکا ہے؛ یا

(ب) براہ راست یا بالواسطہ طور پر کسی ایسی سرگرمی میں ملوث ہے یا نے اعانت کی ہے جو پاکستان کے مفاد یا اس کی سلامتی کے منافی ہے؛ یا

(ج) کسی عدالت کی جانب سے فوجداری جرم میں سزا یافتہ ہے؛ یا

(د) حقائق مخفی رکھ کر یا غلط بیانی سے لائسنس حاصل کیا ہے یا اس کی تجدید کی ہے؛ یا

(ہ) لائسنس کی قیود و شرائط میں سے کسی کی خلاف ورزی کی ہے؛ یا

(و) کسی دوسرے شخص کو اپنے ذاتی احاطے یا اپنے نام پر ٹریول ایجنٹ کے طور پر پیشہ ورانہ امور کی انجام دہی کی اجازت دی ہے؛ یا

(ز) مسلسل تین ماہ سے ٹریول ایجنٹ کے طور پر پیشہ ورانہ امور انجام نہیں دے رہا ہے، لائسنس منسوخ کر سکتی ہے:

مگر شرط یہ ہے کہ لائسنس کی تنسیخ سے قبل لائسنس یافتہ شخص کو اظہار وجوہ کا نوٹس جاری کیا جائے گا کہ وہ نوٹس موصول ہونے کے سات دن کے اندر اپنے مؤقف کی وضاحت کرے کہ اس کا لائسنس کیوں منسوخ نہ کیا جائے۔

وضاحت۔ شق (و) کی غرض کے لئے، عبارت "احاطہ" سے ایسی عمارت، خیمہ، بحری جہاز، اراضی، ڈھانچہ، دکان، بوتھ، گاڑی، کشتی یا بیڑا مراد ہے جسے کوئی انسان رہائش کے طور پر یا کسی دیگر سرگرمی کے لئے استعمال کرتا ہو۔

(۲) اگر ذیلی دفعہ (۱) کی شق (ج) میں مذکورہ وجہ کی بناء پر لائسنس منسوخ کیا جاتا ہے اور عدالت مرافعہ سزا کو منسوخ کر دے، تو مجاز اتھارٹی لائسنس یافتہ شخص کا لائسنس از خود نوٹس سے یا اس ضمن میں استدعا پر بحال کر سکتی ہے۔

(۳) جہاں مجاز اتھارٹی تحریری طور پر درج ہونے والی وجوہات کی بناء پر مطمئن ہو کہ ذیلی دفعہ (I) میں مذکور بنیادوں میں سے کسی پر لائسنس کی تنسیخ کا سوال اس کے غور و خوض کے لئے زیر التواء ہے، تو یہ تحریری فرمان کے ذریعے ایسی مدت کے لئے جو نوے دن سے متجاوز نہ ہو، فرمان کی تصریحات کے توسط سے لائسنس کا استعمال معطل کر سکتی ہے۔ لائسنس یافتہ کے لئے ضروری ہوگا کہ ایسے فرمان کی تاریخ وصولی کے پندرہ دن کی مدت کے اندر وجہ بیان کرے کہ لائسنس کی معطلی کی مدت میں اس وقت تک توسیع کیوں نہ کی جائے جب تک مجاز اتھارٹی لائسنس کی تنسیخ کے سوال پر فیصلہ نہ کر دے۔

(۴) لائسنس کی تنسیخ یا معطلی کا فرمان جاری کیے جانے سے قبل، مجاز اتھارٹی تارکین وطن کے مفادات کو مد نظر رکھتے ہوئے اس معاملہ پر غور کرے گی اور ایسا فرمان جیسا کہ وہ موزوں خیال کرے جاری کر سکتی ہے۔

(۵) بجز اس کے کہ ایکٹ ہذا کے تحت کوئی تصریح اس کے خلاف موجود ہو، جہاں کسی شخص کو جاری کردہ لائسنس منسوخ کر دیا گیا ہو، ایسے شخص کے ٹریول ایجنٹ کا پیشہ اختیار کرنے کی ممانعت ہو گی۔

۲ر د۔ **ٹریول ایجنٹ کا مجاز اتھارٹی کو مطلع کرے گا:** اگر کوئی ٹریول ایجنٹ اشتہار دینا چاہتا ہے یا اپنے پیشہ سے متعلق تشہیر کرنا چاہتا ہے یا اس سے متعلق کوئی سیمینار منعقد کرنا چاہتا ہے تو اسے، تحریری طور پر، مجاز اتھارٹی کو مکمل تفصیلات یا اس کے مندرجات دے کر مطلع کرنا ہو گا۔

۲ر ہ۔ **لائسنس سے دستبردار ہونا:** (۱) کوئی ٹریول ایجنٹ کسی بھی وقت لائسنس کے اجراء کے بعد مجاز اتھارٹی کو دو ماہ کا نوٹس دے کر اپنے لائسنس کو واپس کر سکتا ہے اور نوٹس کے اختتامی عرصہ پر، لائسنس منسوخ شدہ تصور کیا جائے گا۔

(۲) ذیلی دفعہ (۲) کے تحت لائسنس کی منسوخی کے حقائق مجاز اتھارٹی کی جانب سے مقامی علاقہ کے دو کثیر الاشاعتی روزناموں میں شائع کئے جائیں گے۔

(۳) لائسنس کی تنسیخ پر، ٹریول ایجنٹ کو لائسنس کے حصول کے لئے اپنی درخواست دینے کے وقت جمع کرائی گئی رقم کو واپس لینے کا استحقاق نہیں ہو گا۔

(۴) اس دفعہ کے تحت لائسنس کی تنسیخ کے باوجود، ٹریول ایجنٹ لائسنس کی تنسیخ کی تاریخ سے قبل اپنے افعال، فروگزاشت اور غلطیوں کے ارتکاب کا ذمہ دار ہو گا اور ایکٹ ہذا کی تصریحات کے مطابق اس کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔

۲ر و۔ **مجاز اتھارٹی کے حکم کے خلاف اپیل:** کوئی شخص جو مجاز اتھارٹی کے جاری کردہ حکم کی جانب سے لائسنس کے اجراء کی درخواست کی منسوخی یا لائسنس کی کسی شرط کو پوری نہ کرنے یا لائسنس کی معطلی یا تنسیخ یا تجدید سے انکار یا کسی اور حکم کے ضمن میں متاثر ہو، وہ ایسے حکم کے خلاف سیکرٹری وزارت داخلہ، حکومت پاکستان سے ایسی مدت جس کا تعین کیا جائے گا، کے اندر اپیل کر سکے گا۔"

بیان اغراض و وجوہ

پاکستان میں افراد کے غیر قانونی امور اور طریقوں کی ایک نہ ختم ہونے والی فہرست ہے جنہیں پیسہ حاصل کرنے کے لئے استعمال کیا جارہا ہے۔ اس ضمن میں ان غلط امور کے پاکستان میں معاشرے پر پڑنے والے مضر اثرات اور نقصانات کو بھی خاطر میں نہیں لایا جاتا۔ انسانی اسمگلنگ اور غیر قانونی طریقوں سے لوگوں کو بیرون ملک بھیجنا بھی سرفہرست ہے۔ غیر قانونی ایجنٹس کئی سول تنظیموں بشمول ایف آئی اے کو دھوکہ دے رہے ہیں۔ قانونی ٹریول ایجنسی کے مالک ہونے کے دعوے دار، یہ غیر قانونی ایجنٹس کبھی تو پاسپورٹ آفس کے قریب دکانیں بنالیتے ہیں اور لوگوں کو ملک سے باہر بھیجنے کا مجاز ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں۔ یہ لوگ سی این آئی سی زمین تاریخ پیدائش میں تبدیلی سے لے کر ملک سے باہر جانے کے لئے مطلوب پاسپورٹس اور دیگر دستاویزات کی فراہمی تک کی خدمات انجام دیتے ہیں۔ معصوم لوگوں سے پاسپورٹس اور دیگر دستاویزات کی فراہمی کی بابت بھاری فیس وصول کر لینے کے بعد، یہ غیر قانونی راستوں کو استعمال کرتے ہوئے انہیں ایک طویل اور خطرناک سفر کے ذریعے ترکی، ایران اور یورپین ممالک بھیجتے ہیں۔ سال ۲۰۰۵ء تا ۲۰۱۶ء کے عرصے کے دوران اس غیر قانونی طریقے سے 1100,000 سے زائد افراد کو بیرون ملک بھیجا گیا ہے یہ انسانی سمگلنگ کے ضمن میں

ایک نیا رجحان ہے جس کے باعث سرحدوں پر ہزاروں افراد کی اموات واقع ہوئی ہیں۔ سرحدوں پر سیکیورٹی فورسز اکثر و بیشتر سمگل کیے جارہے افراد کو گولی مار کر ہلاک کر دیتے ہیں اور بچ جانے والے افراد کو کئی دیگر چیلنجز کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

ایک سروے رپورٹ کے مطابق، ان غیر قانونی ٹریول ایجنٹوں نے گزشتہ ۱۵ سالوں کے دوران 1100,000 سے زائد لوگوں کو اسمگل کیا ہے اور مذکورہ سروے کے ذمہ دار ادارہ کے مطابق 6,00,000 لوگ ملے ہیں جبکہ بقیہ لوگ ابھی تک لاپتہ ہیں۔ رپورٹس کے مطابق ان ایجنٹس کو رقم کی ادائیگی کے بدلے میں ملک کے اعلیٰ طبقات کی جانب سے تحفظ فراہم کیا جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ۲۰۰۵ء تا ۲۰۱۶ء کا عرصہ ان انسانی اسمگلرز کے لئے نہایت موزوں رہا۔ یہ بے رحم، سنگ دل اور انسانی نسل کے دشمن صرف روپے کی قدر کرتے ہیں۔ انہیں انسانی زندگی کی کوئی قدر نہیں اور وہ معصوم لوگوں کی زندگیوں سے کھیل رہے ہیں۔ انسانی اسمگلنگ سمگل کردہ افراد کی زندگی کو ہی متاثر نہیں کرتی بلکہ انتہا کی سفاکیت کا یہ عمل ان کے خاندانوں کے لیے تباہی لے کر آتا ہے اور خوشحالی اور متاثرہ خاندانوں کے مابین نہ ختم ہونے والا خلا پیدا ہو جاتا ہے۔ اس لیے موجودہ قوانین میں ترمیم کرنا اور مذکورہ غیر قانونی عمل کی روک تھام بہت اہمیت رکھتی ہے۔

یہ بل مذکورہ بالا اغراض کے حصول کے لئے تیار کیا گیا ہے۔

دستخط/-

محترمہ نفیسہ عنایت اللہ خان خٹک

رکن، قومی اسمبلی

منسلکہ۔ب

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

مہاجرین کی اسمگلنگ کے تدارک کے ایکٹ، ۲۰۱۸ء میں مزید ترمیم کرنے کا

بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لئے مہاجرین کی اسمگلنگ کے تدارک کے ایکٹ، ۲۰۱۸ء (ایکٹ نمبر ۲۸ بابت ۲۰۱۸ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) ایکٹ ہذا مہاجرین کی اسمگلنگ کا تدارک (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۰ء کے نام سے موسوم ہو گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۲۸ بابت ۲۰۱۸ء، دفعہ ۲ کی ترمیم۔** مہاجرین کی اسمگلنگ ایکٹ، ۲۰۱۸ء (۲۸ بابت ۲۰۱۸ء) بعد ازاں جس کا حوالہ مذکورہ ایکٹ کے طور پر دیا جائے گا، میں، دفعہ ۲ میں،۔

i) شق (الف) میں لفظ "قسم" کے بعد الفاظ "اندرون ملک یا سرحد پار" شامل کر دیئے جائیں گے۔

ii) شق (ی) میں آخر پر آنے والے وقف کامل کو نیم شرحہ سے تبدیل کر دیا جائے گا اور اس کے بعد حسب ذیل نئی شق شامل کر دی جائے گی، یعنی:۔

"(ک) "ٹریول ایجنٹ" سے مراد وہ شخص ہے جو ایسا کام کر رہا ہو جس میں افراد کو بیرون ملک بھیجنے سے متعلق بندوبست، انتظام کرنا یا امور سرانجام دینا شامل ہو یا بیرون ملک بھیجے گئے افراد کے معاملات سے پیدا ہونے والے امور ماسوائے امیگریشن آرڈیننس، ۱۹۷۹ء (نمبر ۲۸ بابت ۱۹۷۹ء) کے تحت عمل میں لایا جانے والا بھرتی کا عمل اور اس میں تمام یا حسب ذیل میں سے کوئی ایک شامل ہو گا، یعنی:

(اول) پاسپورٹ یا ویزہ کے اجراء کی درخواستوں پر کارروائی کرنا؛ یا

(دوم) کمپنی، فرم یا اس طرح کے اداروں کے ایجنٹ کے طور پر کام کرنا جو؛

(الف) فضائی ٹکٹیں فروخت کرتی ہوں؛ اور

(ب) زمینی یا سمندری راستے سے بیرون ملک سفر کرنے کے لئے نقل و حمل کے ذرائع فراہم کرتی ہوں؛ یا

(سوم) ان افراد کو ویزا خدمات کے ضمن میں مشاورت یا رہنمائی کرتی ہوں جو حسب ذیل کے ضمن میں بیرون ملک جانے کا ارادہ رکھتے ہوں؛

(الف) تعلیم حاصل کرنا؛

(ب) مسافر یا سیاح کے طور پر تفریحی سفر کرنا؛

(ج) طبی علاج کروانا؛

(د) ثقافتی سرگرمیوں یا میوزک کے پروگراموں کا انعقاد کرنا؛

(ہ) مذہب کی تبلیغ کرنا یا اس کو پھیلانا؛ یا

(و) کھیل کے مقابلوں یا سرگرمیوں میں حصہ لینا؛ یا

(چہارم) بیرون ملک سفر کے کسی شعبے سے بلاواسطہ یا بالواسطہ معاملے کی اشاعت، ترسیل، مواصلات یا انٹرنیٹ کے ذریعے تشہیر کرنا؛ یا

(پنجم) ایسے مقاصد کے لئے مدد فراہم کرنے یا امیگریشن کی ترقی کے لئے لیکچرز دینا یا سیمینارز کا انعقاد کرنا؛ یا

(ششم) امیگریشن کے مقصد کے لئے بچہ گود لینے اور شادی کروانے کا اہتمام کرنا؛ یا

(ہفتم) کسی بھی مقصد کے لئے پاکستان سے بیرون ملک سفر کرنے والے کسی بھی شخص کے سفر کا اہتمام کرنا؛ یا

(ہشتم) آپریٹر کے طور پر حج و عمرہ پیکج کا انتظام کرنا؛ یا

(نہم) شقات (الف) تا (ز) میں متذکرہ مقاصد میں سے کسی کے لئے آزاد پیشہ ایجنٹ کے طور پر کام کرنا۔

ل) "مجاز اتھارٹی" سے مراد ایک ایسا افسر جسے ایکٹ ہذا کے مقصد کے لئے وفاقی حکومت کی جانب سے مجاز اتھارٹی ہونے کی بابت تقرر کیا گیا ہو؛

م) "سب ایجنٹ" سے مراد شخص یا کوئی شخص مراد ہے جو ٹریول ایجنٹ کے پیشہ سے منسلک ہو اور نہ کہ "لائسنس یافتہ" کے طور پر ہو لیکن یہ وہ شخص ہے جسے "لائسنس یافتہ" کے ذریعے اس کی خاموش رضامندی کے ساتھ بلاواسطہ یا بالواسطہ اس کے احاطوں یا اس کے نام / دفتری نام سے ٹریول ایجنٹ کے طور پر کام کرنے کی اجازت دی گئی ہو؛ اور

ن) "شکایت" سے مراد متاثرہ شخص یا افراد کے گروپ کی جانب سے کی گئی شکایت ہیں جنہیں شق (ک) کے تحت تعریف کردہ ٹریول ایجنٹ کی جانب سے دھوکا دیا گیا۔ پرنسپل ایجنٹ یا لائسنس یافتہ کے خلاف سب ایجنٹ کی شکایت تعریف شکایت کے زمرے میں نہیں آتی۔"۔

۳۔ **ایکٹ نمبر ۲۸ بابت ۲۰۱۸ء، نئی دفعات ۲/الف، ۲ب، ۲ج، ۲د، ۲ہ اور ۲و کی شمولیت۔** ایکٹ ہذا میں دفعہ ۲ کے بعد حسب ذیل نئی دفعات شامل کر دی جائیں گی، یعنی:۔

"(۲/الف) **ٹریول ایجنٹ کے پیشے کا انضباط:** (۱) کوئی شخص اس وقت تک ٹریول ایجنٹ کا پیشہ نہیں اختیار کر سکتا جب تک کہ وہ ایکٹ ہذا کی دفعہ ۲/الف کی ذیلی دفعہ (۲) کی تصریحات کے تحت اور ان کے مطابق لائسنس حاصل نہیں کر لیتا۔"

(۲) کوئی شخص جو ٹریول ایجنٹ کا پیشہ اختیار کرنا چاہتا ہو یا پہلے سے اس پیشے سے منسلک ہو وہ ایکٹ ہذا کے آغاز سے اس کے مطابق اور تعین کردہ فیس اور دستاویزات کے ساتھ مجاز اتھارٹی کو ایک درخواست پیش کرے گا۔

(۳) اگر مجاز اتھارٹی اس بات سے مطمئن ہو جائے کہ ذیلی دفعہ (۲) کے تحت درخواست درست ہے تو وہ ایسی صورت میں تعین کردہ شرائط وضوابط کے مطابق لائسنس جاری کر دے گی:

مگر شرط یہ ہے کہ اگر مجاز اتھارٹی اس بات پر مطمئن ہو کہ درخواست میں دیئے گئے کوائف درست نہیں ہیں یا نامکمل ہیں یا لائسنس کے اجراء کے لئے ضروری ثبوت یا معلومات فراہم نہیں کی گئیں تو وہ ضروری انکوائری کے بعد اور درخواست گزار کو سماعت کا موقع دینے کے بعد، تحریری طور پر قلم بند کی جانے والی وجوہات کی بناء پر درخواست کو مسترد کر سکتی ہے:

مگر مزید شرط یہ ہے کہ وہ شخص جس کی لائسنس کی منظوری کی درخواست مسترد کر دی گئی ہو، وہ مجاز اتھارٹی کی جانب سے نشاندہی کردہ خامیاں دور کرنے کے بعد مجاز اتھارٹی کو لائسنس کے اجراء کے لئے ایک اور درخواست دے سکتا ہے۔

(۴) ذیلی دفعہ (۳) کے تحت کسی بھی شخص کو لائسنس جاری نہیں کیا جائے گا جب تک کہ اس کی درخواست میں دیے گئے کوائف اور دستاویزات کی تصدیق پولیس نہ کر دے۔

(۵) لائسنس پانچ سال کے عرصہ کے لئے کارآمد ہو گا جو مجوزہ طریقہ کار کے مطابق مذکورہ عرصہ کے لئے قابل تجدید ہو گا۔

۲/ب۔ **شاخوں یا دفاتر کی توثیق:** اگر کوئی شخص، جس نے کسی ضلع میں کسی ایک جگہ پر ٹریول ایجنٹ کے پیشے کے لئے ایکٹ ہذا کے تحت لائسنس لیا ہو، بعد ازیں کسی دوسرے ضلع میں کسی جگہ پر ایک اور شاخ یا دفتر کھولتا ہے تو اسے اس دوسری شاخ یا دفتر کے لئے نیا لائسنس لینے کی ضرورت نہیں ہو گی۔ تاہم وہ فی الفور تحریری طور پر مجاز اتھارٹی اور متعلقہ ضلع، جہاں نئی شاخ یا دفتر کھولا گیا ہو، کے ضلعی مجسٹریٹ کو تحریری طور پر مطلع کرے گا اور اس اطلاع فراہمی کی رسید حاصل کرے گا۔

۲/ج۔ **لائسنس کی تنسیخ یا معطلی:** (۱) مجاز اتھارٹی کسی بھی شخص کی جانب سے یا اس کے برعکس ایسی معلومات سے متعلق دی گئی درخواست پر کہ لائسنس یافتہ شخص،۔

(الف) دیوالیہ یا قرض دار ہو چکا ہے؛ یا

(ب) براہ راست یا بالواسطہ طور پر کسی ایسی سرگرمی میں ملوث ہے یا نے اعانت کی ہے جو پاکستان کے مفاد یا اس کی سلامتی کے منافی ہے؛ یا

(ج) انسانی اسمگلنگ، مہاجرین کی اسمگلنگ یا ایسے جرائم سے منسلک جرائم سے متعلقہ جرائم میں کسی عدالت کی جانب سے سزا یافتہ ہو؛ یا

(د) حقائق مخفی رکھ کر یا غلط بیانی سے لائسنس حاصل کیا ہے یا اس کی تجدید کی ہے؛ یا

(ہ) لائسنس کی قیود و شرائط میں سے کسی کی خلاف ورزی کی ہے؛ یا

(و) کسی دوسرے شخص کو اپنے ذاتی احاطے یا اپنے نام پر ٹریول ایجنٹ کے طور پر پیشہ ورانہ امور کی انجام دہی کی اجازت دی ہے؛ یا

(ز) مسلسل تین ماہ سے ٹریول ایجنٹ کے طور پر پیشہ ورانہ امور انجام نہیں دے رہا ہے، لائسنس منسوخ کر سکتی ہے؛ یا

(ح) ہجرت، حج، عمرہ اور زیارت کے خواہاں افراد کو دھوکہ دہی دینے سے متعلق وفاقی تحقیقاتی ادارہ کی جانب سے کیس کے اندراج کی صورت میں، کیس کو حتمی شکل دیئے جانے تک لائسنس معطل کر دیا جائے گا؛ یا

(ط) اگر کوئی لائسنس یافتہ ایجنٹ انسانی اسمگلنگ کی سہولت کاری میں ملوث پایا گیا تو لائسنس معطل کر دیا جائے گا:

مگر شرط یہ ہے کہ لائسنس کی تنسیخ سے قبل لائسنس یافتہ شخص کو اظہار وجوہ کا نوٹس جاری کیا جائے گا کہ وہ نوٹس موصول ہونے کے سات دن کے اندر اپنے مؤقف کی وضاحت کرے کہ اس کا لائسنس کیوں منسوخ نہ کیا جائے۔

وضاحت۔ شق (و) کی غرض کے لئے، عبارت "احاطہ" سے ایسی عمارت، خیمہ، بحری جہاز، اراضی، ڈھانچہ، دکان، بوتھ، گاڑی، کشتی یا بیڑا مراد ہے جسے کوئی انسان رہائش کے طور پر یا کسی دیگر سرگرمی کے لئے استعمال کرتا ہو۔

(۲) اگر ذیلی دفعہ (۱) کی شق (ج) میں مذکورہ وجہ کی بناء پر لائسنس منسوخ کیا جاتا ہے اور عدالت مرافعہ سزا کو منسوخ کر دے، تو مجاز اتھارٹی لائسنس یافتہ شخص کا لائسنس از خود نوٹس سے یا اس ضمن میں استدعا پر بحال کر سکتی ہے۔

(۳) جہاں مجاز اتھارٹی تحریری طور پر درج ہونے والی وجوہات کی بناء پر مطمئن ہو کہ ذیلی دفعہ (I) میں مذکور بنیادوں میں سے کسی پر لائسنس کی تنسیخ کا سوال اس کے غور و خوض کے لئے زیر التواء ہے، تو یہ تحریری فرمان کے ذریعے ایسی مدت کے لئے جو نوے دن سے متجاوز نہ ہو، فرمان کی تصریحات کے توسط سے لائسنس کا استعمال معطل کر سکتی ہے۔ لائسنس یافتہ کے لئے ضروری ہو گا کہ ایسے فرمان کی تاریخ وصولی کے پندرہ دن کی مدت کے اندر وجہ بیان کرے کہ لائسنس کی معطلی کی مدت میں اس وقت تک توسیع کیوں نہ کی جائے جب تک مجاز اتھارٹی لائسنس کی تنسیخ کے سوال پر فیصلہ نہ کر دے۔

(۴) لائسنس کی تنسیخ یا معطلی کا فرمان جاری کیے جانے سے قبل، مجاز اتھارٹی تارکین وطن کے مفادات کو مد نظر رکھتے ہوئے اس معاملہ پر غور کرے گی اور ایسا فرمان جیسا کہ وہ موزوں خیال کرے جاری کر سکتی ہے۔

(۵) بجز اس کے کہ ایکٹ ہذا کے تحت کوئی تصریح اس کے خلاف موجود ہو، جہاں کسی شخص کو جاری کردہ لائسنس منسوخ کر دیا گیا ہو، ایسے شخص کے ٹریول ایجنٹ کا پیشہ اختیار کرنے کی ممانعت ہو گی۔

۲/د۔ **ٹریول ایجنٹ مجاز اتھارٹی کو مطلع کرے گا:** اگر کوئی ٹریول ایجنٹ اشتہار دینا چاہتا ہے یا اپنے پیشہ سے متعلق تشہیر کرنا چاہتا ہے یا اس سے متعلق کوئی سیمینار منعقد کرنا چاہتا ہے تو اسے، تحریری طور پر، مجاز اتھارٹی کو مکمل تفصیلات یا اس کے مندرجات دے کر مطلع کرنا ہو گا۔

۲/ہ۔ **لائسنس سے دستبردار ہونا:** (۱) کوئی ٹریول ایجنٹ کسی بھی وقت لائسنس کے اجراء کے بعد مجاز اتھارٹی کو دو ماہ کا نوٹس دے کر اپنے لائسنس کو واپس کر سکتا ہے اور نوٹس کے اختتامی عرصہ پر، لائسنس منسوخ شدہ تصور کیا جائے گا۔

(۲) ذیلی دفعہ (۲) کے تحت لائسنس کی منسوخی کے حقائق مجاز اتھارٹی کی جانب سے مقامی علاقہ کے دو کثیر الاشاعتی روزناموں میں شائع کئے جائیں گے۔

(۳) لائسنس کی تنسیخ پر، ٹریول ایجنٹ کو لائسنس کے حصول کے لئے اپنی درخواست دینے کے وقت جمع کرائی گئی رقم کو واپس لینے کا استحقاق نہیں ہو گا۔

(۴) اس دفعہ کے تحت لائسنس کی تنسیخ کے باوجود، ٹریول ایجنٹ لائسنس کی تنسیخ کی تاریخ سے قبل اپنے افعال، فروگزاشت اور غلطیوں کے ارتکاب کا ذمہ دار ہو گا اور ایکٹ ہذا کی تصریحات کے مطابق اس کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔

۲/و۔ **مجاز اتھارٹی کے حکم کے خلاف اپیل:** کوئی شخص جو مجاز اتھارٹی کے جاری کردہ حکم کی جانب سے لائسنس کے اجراء کی درخواست کی منسوخی یا لائسنس کی کسی شرط کو پوری نہ کرنے یا لائسنس کی معطلی یا تنسیخ یا تجدید سے انکار یا کسی اور حکم کے ضمن میں متاثر ہو، وہ ایسے حکم کے خلاف سیکرٹری وزارت داخلہ، حکومت پاکستان سے ایسی مدت جس کا تعین کیا جائے گا، کے اندر اپیل کر سکے گا۔"

۴۔ **ایکٹ نمبر ۲۸ بابت ۲۰۱۸ء، دفعہ ۴ کی ترمیم۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۴ میں۔

الف) ذیلی شق (۱) میں، شق (ب) میں، آخر میں آنے والے "سکتہ اور علامت وقف" کو اظہار "؛یا" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

ب) مذکورہ بالا کے طور پر ترمیم کردہ شق (ب) کے بعد حسب ذیل نئی شق (ج) کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(ج) اندرون ملک یا سرحد پار کوریئر سروس کے ذریعے پاسپورٹ کی نقل و حمل غیر قانونی قرار دی جائے گی جب تک کہ قانونی مقصد کے لئے اصل پاسپورٹ کے حامل فرد کی جانب سے فراہم نہ کی جائے۔"

۵۔ **ایکٹ نمبر ۲۸ بابت ۲۰۱۸ء، دفعہ ۸/الف کی شمولیت۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۸ کے بعد حسب ذیل نئی دفعہ کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"**۸/الف۔** اٹھارہ سال کی عمر کے اسمگل شدہ مہاجرین پر ایکٹ ہذا کے تحت فوجداری مقدمہ چلایا جائے گا، اگر کسی شخص نے دفعہ ۲(د) میں تعریف کردہ غیر قانونی طور پر داخلہ کے جرم کا ارتکاب کیا ہے اور ایجنٹ اور سب ایجنٹ کی شناخت، رابطہ نمبر، رہائش یا ان تک پہنچنے کے ذرائع کو چھپاتے ہوئے انہیں تحفظ فراہم کرنے کی کوشش کرتا ہے۔"۔

بیان اغراض و وجوہ

پاکستان میں افراد کے غیر قانونی امور اور طریقوں کی ایک نہ ختم ہونے والی فہرست ہے جنہیں پیسہ حاصل کرنے کے لئے استعمال کیا جارہا ہے۔ اس ضمن میں ان غلط امور کے پاکستان میں معاشرے پر پڑنے والے مضر اثرات اور نقصانات کو بھی خاطر میں نہیں لایا جاتا۔ انسانی اسمگلنگ اور غیر قانونی طریقوں سے لوگوں کو بیرون ملک بھیجنا بھی سر فہرست ہے۔ غیر قانونی ایجنٹس کئی سول تنظیموں بشمول ایف آئی اے کو دھوکہ دے رہے ہیں۔ قانونی ٹریول ایجنسی کے مالک ہونے کے دعوے دار، یہ غیر قانونی ایجنٹس کبھی تو پاسپورٹ آفس کے قریب دکانیں بنا لیتے ہیں اور لوگوں کو ملک سے باہر بھیجنے کا مجاز ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں۔ یہ لوگ سی این آئی سی زمیں تاریخ پیدائش میں تبدیلی سے لے کر ملک سے باہر جانے کے لئے مطلوب پاسپورٹس اور دیگر دستاویزات کی فراہمی تک کی خدمات انجام دیتے ہیں۔ معصوم لوگوں سے پاسپورٹس اور دیگر دستاویزات کی فراہمی کی بابت بھاری فیس وصول کر لینے کے بعد، یہ غیر قانونی راستوں کو

استعمال کرتے ہوئے انہیں ایک طویل اور خطرناک سفر کے ذریعے ترکی، ایران اور یورپین ممالک بھیجتے ہیں۔ سال ۲۰۰۵ء تا ۲۰۱۶ء کے عرصے کے دوران اس غیر قانونی طریقے سے 1100,000 سے زائد افراد کو بیرون ملک بھیجا گیا ہے یہ انسانی سمگلنگ کے ضمن میں ایک نیا رجحان ہے جس کے باعث سرحدوں پر ہزاروں افراد کی اموات واقع ہوئی ہیں۔ سرحدوں پر سیکیورٹی فورسز اکثر و بیشتر سمگل کیے جارہے افراد کو گولی مار کر ہلاک کر دیتے ہیں اور بچ جانے والے افراد کو کئی دیگر چیلنجز کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

ایک سروے رپورٹ کے مطابق، ان غیر قانونی ٹریول ایجنٹوں نے گزشتہ ۱۵ سالوں کے دوران 1100,000 سے زائد لوگوں کو اسمگل کیا ہے اور مذکورہ سروے کے ذمہ دار ادارہ کے مطابق 6,00,000 لوگ ملے ہیں جبکہ بقیہ لوگ ابھی تک لاپتہ ہیں۔ رپورٹس کے مطابق ان ایجنٹس کو رقم کی ادائیگی کے بدلے میں ملک کے اعلیٰ طبقات کی جانب سے تحفظ فراہم کیا جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ۲۰۰۵ء تا ۲۰۱۶ء کا عرصہ ان انسانی اسمگلرز کے لئے نہایت موزوں رہا۔ یہ بے رحم، سنگ دل اور انسانی نسل کے دشمن صرف روپے کی قدر کرتے ہیں۔ انہیں انسانی زندگی کی کوئی قدر نہیں اور وہ معصوم لوگوں کی زندگیوں سے کھیل رہے ہیں۔ انسانی اسمگلنگ سمگل کردہ افراد کی زندگی کو ہی متاثر نہیں کرتی بلکہ انتہا کی سفاکیت کا یہ عمل ان کے خاندانوں کے لیے تباہی لے کر آتا ہے اور خوشحالی اور متاثرہ خاندانوں کے مابین نہ ختم ہونے والا خلا پیدا ہو جاتا ہے۔ اس لیے موجودہ قوانین میں ترمیم کرنا اور مذکورہ غیر قانونی عمل کی روک تھام بہت اہمیت رکھتی ہے۔

یہ بل مذکورہ بالا اغراض کے حصول کے لئے تیار کیا گیا ہے۔

دستخط/-

محترمہ نفیسہ عنایت اللہ خان خٹک

رکن، قومی اسمبلی